
© rasailojaraid.com



وخير جليس في الزمان كتاب

# میزان



## تبصرۂ کتب

نام کتاب: تاریخ اسلام (مکمل چار حصے)

مؤلف: مولانا محمد عاشق الٰہی میرٹھیؒ

مرتب: حافظ تنویر احمد شریفی

ناشر: مکتبہ اسعدیہ، پاکستان چوک، کراچی۔

تبصرہ نگار: ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری

اکابرین دیوبند میں مولانا محمد عاشق الٰہی میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۹۴۱ء) کا نام رسمی تعارف سے بے نیاز ہے، آپ کا ترجمہ قرآن بڑا مقبول ہوا اور عرصے سے پاک و ہند میں خصوصیت کے ساتھ متداول ہے، آپ نے الاسلام کے نام سے ایک کتاب بھی تالیف فرمائی تھی، جو عرصہ ہوا ہندوستان میں طبع ہوئی تھی، اس کے بعد بھی پاک و ہند میں اس کے بعض ایڈیشن شائع ہوئے، اب اس کا نیا ایڈیشن جدید ترتیب، نئی مشینی کتابت اور موضوع کی مناسبت سے رنگین و سادہ تصاویر کے اضافے کے ساتھ تاریخ اسلام کے نام سے شائع ہوا ہے، کتاب میں بعض مقامات پر فاضل مرتب اور کتاب کے ناشر جناب حافظ تنویر احمد شریفی نے ضروری حواشی کا بھی اضافہ کیا ہے۔

کتاب کا آغاز حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ہجرت کے ذکر سے ہوتا ہے، پھر حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی، خانۂ کعبہ کی تعمیر، جناب عبدالمطلب کی مکہ مکرمہ پر حکومت، حضرت عبداللہ کا حضرت آمنہ سے نکاح اور اصحاب فیل کے واقعے بیان کرنے کے بعد رسول اللہ ﷺ کی ولادت باسعادت کا تذکرہ ہے، اس طرح سیرت کے ترتیب وار واقعات بیان کرتے ہوئے مواخات پر حصہ اول ختم ہوتا ہے، دوسرا حصہ مدینہ منورہ میں انصار کے تذکرے سے شروع ہوتا ہے اور مرتب انداز میں واقعات سیرت کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بیان کے ساتھ سلاطین کے نام مکاتیب کی تفصیلی بحث پر اس حصے کا اختتام ہوتا ہے، تیسرا حصہ سات ہجری کے واقعات کے بیان سے شروع ہوتا ہے اور اس میں آٹھ ہجری تک کے واقعات کا احاطہ کیا گیا ہے، جب کہ آخری حصے کا آغاز نو ہجری سے ہوتا ہے اور اس میں نبی کریم ﷺ کے انتقال فرمانے کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیعت وخلافت تک کے واقعات کا احاطہ کیا گیا ہے۔

کتاب کے مضامین خود مؤلف رحمہ اللہ کی تصریح کے مطابق زیادہ تر ابن اثیرؒ کی الکامل اور ابن ہشامؒ کی السیرۃ النبویہ سے اخذ کئے گئے ہیں، البتہ قدیم اسلوب کے مطابق حوالہ جات کا اہتمام نہیں کیا گیا۔ فاضل مرتب نے اس قدیم کتاب میں بعض مقامات پر زبان کی قدامت کو بھی درست کیا ہے، اور اثنائے کتاب میں جا بجا عنوانات کا بھی اضافہ کیا ہے، یقیناً ان امور سے کتاب سے استفادہ سہل ہو گیا ہے، جس پر فاضل مرتب مبارک باد اور اظہار تشکر کے مستحق ہیں۔

---

نام کتاب: معارف اسم محمد ﷺ

تالیف: مولانا محمد ثناء اللہ سعد شجاع بادی

صفحات: ۱۹۶

قیمت: ۹۰/روپے

ناشر: دارالکتاب، کتاب مارکیٹ، اردو بازار لاہور

تبصرہ نگار: محمد احمد حافظ

حضور نبی کریم ﷺ کا مبارک تذکرہ ہر مسلمان کے لئے سرمایہ حیات ہے، ہر وہ چیز جس کا تعلق آپ کی ذات گرامی سے ہے اپنے مقام میں اعلیٰ وارفع ہے، اس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ خدائے لم یزل نے آپ کی ہر ادا، ہر فعل، اور ہر حرکت میں یمن وبرکت ودیعت فرمادی ہے، یہی کیفیت آپ کے اسم گرامی کی ہے، محمد ﷺ وہ پیارہ سا خوب صورت نام جسے زبان پر لاتے ہی انسان قلب کی گہرائیوں تک حلاوت محسوس کرتا ہے، یہ نام گوناگوں خوبیوں، معرفت کی بلندیوں، اور وسیع وعمیق علمی گہرائیوں کا حامل ہے۔

کتاب ''معارف اسم محمد'' کچھ ایسی ہی کیفیات کے در آپ کے قلب و دماغ پر وا کرتی ہے۔ کتاب کے چھ ابواب ہیں: ۱۔ تاریخ اسم محمد، ۲۔ کمالات اسم محمد، ۳۔ برکات اسم محمد، ۴۔ تعظیم اسم، ۵۔ جلوہ ہائے اسم محمد، ۶۔ اسم محمد کی روشنی ہندو دھرم میں۔ عشق ومحبت نبوی سے لبریز اور حسن ترتیب سے آراستہ یہ

© rasailojaraid.com